موضوع-2

# Exploring local artisans مقامی دستکاروں کی تلاش

## Objectives مقاصد

1۔ مقامی دستکاریوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا

2۔ دستکاریوں کے فن کاروں کی مہارتوں کا استحسان کرنا

## Background پس منظر

ہمارا دیش مختلف، قیمتی، وسیع تر، دستکاریوں کا مقام ہے۔ برتن بنانا، لکڑی میں اشکال بنانا (چوب کاری) رنگین ساڑیاں بُننا، مختلف ڈیزائنوں میں سونے، چاندی کے کپڑے تیار کرنا، ساڑیوں کو آئینے اور چمکیاں لگا کر خوبصورت بنانا۔ تصاویر اور مجسمے بنانا۔ گلاس پینٹنگ، ٹوکریاں بنانا، ہماری ریاست میں پوچم پلی ہینڈلوم ساڑیوں اور کلنکاری کام کے لیے مشہور ہے۔ نرمل پینٹنگ اور کھلونا سازی میں مشہور ہے۔ کونڈاپلی کھلونا سازی اور دھاتی کام کے لیے مشہور ہے بہت سے دستکاری سے متعلق لوگ اپنی دستکاری ہی سے اپنی زندگیاں گزار رہے ہیں۔



## Methodology طریقہ کار

1۔ اپنے بڑوں اور اساتذہ کی مدد سے معلوم کر کے اپنے شہر یا گاؤں میں مشہور چند دستکاریوں کی نشاندہی کیجیے۔

2۔ کسی ایک دستکاری کا انتخاب کیجیے جو آپ کو پسند ہے اور اس خاص فن میں مشہور کاری گر کا نام لکھیے۔

3۔ دستکاری کے کاری گروں سے سوالات پوچھ کر درج ذیل معلومات جمع کیجیے۔ مثلاً

a) اس نے کس طرح دستکاری کو سیکھا یا سیکھی ہے؟

b) وہ کتنے زمانے سے اپنے فن میں کام کر رہا یا رہی ہے؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

c) تیار کی ہوئی چیزوں کی تیاری میں ایک کے بعد دیگر استعمال کیے ہوئے (اقدام Steps) کو لکھیے۔ اگر آپ کے پاس کیمرہ ہو تو ہر طریقے کی تصویر کشی کیجیے۔

d) اس دستکاری میں مستعملہ آلات اور اشیاء کے بارے میں معلومات جمع کیجیے۔

دستکاری (کرافٹ) سے متعلق مزید معلومات کو جمع کیجیے۔ آپ اس کے لیے اپنی اسکول لائبریری میں لرننگ مٹیریل کتاب اور کرافٹ میوزیم میں دیکھ سکتے ہیں۔

## استدالی خلاصہ Conclusion

ایک مختصر رپورٹ ترجیحاً پینٹنگس اشکال یا فوٹوگرافس کے ساتھ تیار کیجیے۔

☆ ماحول کے لیے دستکاریاں مناسب ہیں۔ دستکاریوں کی تیاری میں استعمال ہونے والی چیزیں' طریقوں سے ماحول میں آلودگی پیدا نہیں ہوتی۔ ہم مٹی کے برتن استعمال کرتے ہیں۔ اگر وہ ٹوٹ جائیں تو انہیں آسانی سے مٹی میں ملایا جاسکتا ہے۔ آیئے ہم اپنی دست کاری کی اشیاء اور دستکاری پیداوار کو بچائیں۔ دستکاری کی اشیاء کو بچانا اپنی تہذیب اور رواجوں کو بچانا ہے اس سے ہمارا ماحول غیر آلودہ ہوتا ہے۔

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ آپ نے اپنے منتخبہ دستکاری کام اور کام کے طریقے کا مشاہدہ کیا ہے نا! آپ بھی کسی ایک دستکاری کی چیز کو تیار کر کے اپنے ''اسکول پراجکٹ ڈے'' میں پیش کیجیے۔

2۔ یہ معلوم کیجیے کہ کیا اس دستکاری کے کام سے متعلقہ لوگ دوسرے پیشوں کو اختیار کر رہے۔ اگر ایسا ہے تو کیوں؟

3۔ دستکاری کے فن کاروں کو اپنے فن کو جاری رکھنے یا ان کی مارکٹینگ کے طریقوں کو فروغ دینے کے لیے آپ کیا کچھ تجاویز رکھتے ہیں۔



